دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 'نشہ مکت بھارت ابھیان' کے تحت بیداری ریلی نکال کر منشیات کے استعمال کے خلاف بین الاقوامی دن منایا

26 June 2025, New Delhi.

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے منشیات سے پاک سوسائٹی کے عہد کے تئیں منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف بین الاقوامی دن انتہائی جوش وخروش سے منایا گیا۔'نشہ مکت بھارت ابھیان' کے تحت یونیورسٹی نے کیمپس میں ایک پرجوش بیداری ریلی نکالی۔

ریلی میں نیشنل سروس اسکیم (این ایس ایس) کی طرف سے طلبہ اور نیشنل کیڈٹ کورپس (این سی سی) کے کیڈٹ نے سرگرم شرکت کرتے ہوئے منشیات کے استعمال کے مضر اثرات کی بیداری اور صحت مند اور منشیات سے پاک زندگی کی اہمیت والے بینر واشتہار اور نعرے تھامے مارچ کیا۔

پروگرام میں سینئر فیکلٹی اراکین کے ساتھ ساتھ این سی سی اور این ایس ایس اہلکار سمیت پروفیسر اقتدار محمد خان، کوآرڈی نیٹر این سی سی، ڈاکٹر وقار حسین صدیقی، کوآرڈی نیٹر این ایس ایس، ڈاکٹر انوارا ہاشمی، اے این او (ایس ڈی ڈبلیو) آرمی اور پروفیسر اشوندر کور پوپلی، ڈین انٹر نیشنل ریلیشنز نے اجتماعی طور پر نوجوانوں میں پائے بیداری اور تدارک کی تعلیم وتربیت کی ضرورت پر زور دیا۔

منشیات کی لعنت کے خلاف طلبا میں حساسیت بخشی کے لیے ریلی نے یونیورسٹی کے فعال رول کو اجاگر کیا۔اس کا مقصد طلبہ کو اس کی تحریک دینا اوران کی حوصلہ افزائی کرنا تھا کہ اپنی اپنی برادریوں میں تبدیلی کے سفیر بنیں اور ساتھ مل کر منشیات سے پاک مستقبل کی تعمیر کریں۔

تعلیم ، بیداری اور برادری کی شمولیت سے عوامی صحت اور نوجوانوں کی بااختیاری کا مقصد قومی مہموں میں سرگرم طور پر اپنا رول ادا کرنے کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عہد کی توثیق کے ساتھ ریلی کا کامیاب اختتام ہوا۔

ریلی کے علاوہ ریڈیو جامعہ نوے اعشاریہ چار ایف ایم نے 'نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت 'بھارت کو نشہ مکت کیسے بنائیں' کے عنوان پر ایک گھنٹے کا خاص پروگرام نشر کیا گیا۔پروگرام کا مقصد منشیات کے مضر اثرات کے متعلق بیداری عام کرنے اور نوجوانوں کو خاص طور پر اور سوسائٹی کو عام طور پر منشیات اور تمباکو نوشی سے دور رکھنا تھا۔پروگرام میں ڈاکٹر محمد شمشاد کا انٹرویو بھی شامل تھا جو ڈاکٹر شکیل اختر نے لیا تھا۔'منشیات کی بری لت کے منفی نتائج کے سلسلے میں نشہ خوری کے برے پرینام' کے عنوان سے ایک افسانہ بھی تھا اور 'نو یوز آف ڈرگس

اینڈ ٹبیکو' کے موضوع پر پینل مباحثہ بھی ہوا تھا۔ جامعہ ریڈیو کی یہ پہل نشہ مکت بھارت ابھیان کے اہداف سے ہم آہنگ وزارت برائے سماجی انصاف و بااختیاری، حکومت ہند کے وسیع تر مقاصد سے میل کھاتا ہوا منشیات سے پاک مہم کی مدد میں ایک اہم قدم ہے۔ پروگرام میں سامعین کو بھی غور وفکر، انگیج ہونے اور صحت مند منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر میں تعاون دینے کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مختلف شعبوں اور مراکز اور دفاتر نے اس پورے ہفتے میں 'نشہ مکت بھارت ابھیان' کے تحت خطبات، بیداری ورکشاپ اور مباحثے سمیت متعدد سرگرمیاں منعقد کی ہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ